پشاور اسلامیکس
ششماہی تحقیقی مجلہ علوم اسلامیہ

جلد:۴ جولائی-دسمبر ۲۰۱۳ء شمارہ:۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اداریہ

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جامعہ پشاور کا ششماہی تحقیقی مجلہ "پشاور اسلامیکس" اپنی اشاعت کے چوتھے سال میں داخل ہو گیا ہے اور اس کا آٹھواں شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے جو اردو کے چھے، عربی کے دو اور انگریزی کے ایک مقالے پر محیط ہے۔ زیرِ نظر شمارے کے لیے موصول شدہ کل چالیس مقالات کو حسبِ سابق باقاعدہ تصحیح و تنقیح کے مختلف مراحل سے گزار کر صرف ان مقالات کو شاملِ اشاعت کیا گیا جو ماہرین کی رائے کے مطابق تحقیق کے معیار اور مجلہ کے اُسلوب پر پورے اترے۔

یہ امر خوش آئند ہے کہ جامعات کی سطح پر تحقیقی مجلات میں "پشاور اسلامیکس" اپنی مقبولیت میں اضافہ کر رہا ہے۔ اندرون ملک اور بیرون ملک جامعات کے اساتذہ اور محقق طلباء و طالبات کی ایک بڑی تعداد اس میں علمی و فکری موضوعات پر اپنے تحقیقی شذرات شائع کرنے کی خواہاں ہے۔ ہمارے پیشِ نظر "تحقیق" کا اعلیٰ معیار ہے جس کو ہر صورت میں برقرار رکھنا اور اسے مزید بہتری کی طرف لے کر جانا ہے۔ ہم "پشاور اسلامیکس" کو محض ایک روایتی تحقیقی مجلہ نہیں بنانا چاہتے بلکہ اس کو علم و تحقیق کے میدان میں بطور نمونہ اور جدید اسالیب و موضوعات سے مزین دیکھنے کے خواہش مند ہیں اور یہی گزارش اپنے اساتذہ اور محقق طلباء سے بھی کرتے چلے آ رہے ہیں کہ وہ علوم اسلامیہ کی زاویہ نگاہ سے عصر حاضر کے اچھوتے اور اچنبھے مسائل کا علمی و فکری حل تحقیقی انداز میں پیش کرنے کے لیے قلم اٹھائیں۔

ہر انسانی کاوش میں خطا کا اِمکان اور مزید بہتری کی گنجائش ہر وقت موجود رہتی ہے لہٰذا قارئین سے گزارش ہے کہ مجلہ کا مجموعی معیار مزید بہتر بنانے کے لیے تحقیقی تجاویز اور آراء یا کسی غلطی کی نشاندہی کی اطلاع ضرور دیا کریں۔ میں ان تمام حضرات کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس شمارے کی تدوین و ترتیب میں کسی بھی سطح پر معاونت کی اور اس کی اشاعت کو ممکن بنایا۔ اللہ سبحانہ و تعالیٰ ان سب کو جزائے خیر عطا فرمائے، آمین

خیر اندیش

معراج الاسلام ضیاء

[مدیر]